کرایہ داروں کے لیے معلومات

آپکا گھر آپ ہی کا ہے چاہے آپ اسکے مالک ہوں یا کرایہ دار۔

کرایہ دار ہونے کے ناطے آپکے حقوق ہیں۔

اس کے قطع نظر کہ آپ کہاں رہتے ہیں، کتنا کرایہ ادا کرتے ہیں یا آپکی عمر، جنس، ثقافتی پسِ منظر، یا شہریت کیا ہے، آپ پر ایک جیسے حقوق کا اطلاق ہوگا۔

جیسا کہ کرایہ دار ہونے کے ناطے آپ پر کچھ ذمہ داریاں ہیں، اسی طرح آپکے مالک مکان پر بھی آپکی طرف کچھ ذمہ داریاں ہیں

مالک مکان کی ذمہ داریاں

- پراپرٹی کو محفوظ اور برقرار رکھنے کو یقینی بنانا
- عام جگہوں کی صفائی کا خیال رکھنا
- ضرورت کے مطابق مناسب حرارت کی فراہمی
- پراپرٹی کو کیڑوں اور چوہوں سے محفوظ رکھنا
- کرایہ دار کے حقوق کا احترام کرنا
- شہر کے قوانین کی پیروی کرنا

کرایہ دار کی ذمہ داریاں

- اپنا کرایہ ادا کرنا
- پراپرٹی کو نقصان پہنچنے سے بچانا
- اپنی جگہ کو صاف رکھنا
- اپنی جگہ کے بارے میں مسائل کی فوری اطلاع کرنا
- اپنی عمارت کے قوانین کا احترام کرنا
- شہر کے قوانین کی پیروی کرنا

جب آپکو کوئی مسئلہ درپیش ہو

مالک مکان اور کرایہ دار بورڈ مالکین اور کرایہ داروں کے درمیاں زیادہ تر تنازعات حل کرتا ہے۔ تاہم اوٹاوا سٹی بھی بہت سے معاملات میں آپکی مدد کر سکتی ہے

ہر سال سٹی، سینکڑوں کرایہ داروں کی اِن اقسام کے مسائل سے نمٹنے میں مدد کرتی ہے:

- غیرمناسب حرارت کی فراہمی
- بستر کے کیڑے، کاکروچ اور دیگر کیڑے مکوڑے
- بیرونی فضلہ یا ملبہ
- عمارت کی بحالی کے مسائل
- پانی اور پلمبنگ کے مسائل

مدد کیسے لی جائے

۱۔ **311** پر کال کرکے اپنے مسئلے سے آگاہ کریں۔

۲۔ آپکو رابطے کی معلومات فراهم کرنی هوں گی۔ یہ معلومات آپکے مالک مکان کو نہیں دی جائیں گی۔ آپکی رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔

۳۔ آپکو درخواست کا ایک نمبر مہیا کیا جائے گا۔ اس نمبر کو اپنے پاس محفوظ کر لیں۔ یہ نمبر آپ مستقبل میں کسی بھی وقت اپنی درخواست کی معلومات حاصل کرنے کے لئے استعمال کر سکتے هیں۔

۴۔ بائی لا آفیسر آپکی شکایت سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کریں گے اور ضرورت کے مطابق آپکی پراپرٹی کی جانچ کے لئے دورہ بھی کریں گے۔

۵۔ اگر بائی لا آفیسر کوئی ایسا مسئلہ دیکھتے هیں جس سے کوئی خطرہ لاحق هو تو وہ اسکو فوری طور پر حل کرنے کا حکم جاری کریں گے۔

٦۔ اگر مسئلہ ایسا هو جسکہ حل فوری درکار نہں، بائی لا آفیسر آپکے مالک مکان کو خلاف ورزی کا نوٹس یا پھر مسئلے کے حل کیلئے پراپرٹی کے معیارکا نوٹس جاری کرسکتے هیں۔ صوبائی حکومت کی طرف سے سٹی کے اختیارات کی حدود کی وجہ سے مالک مکان کو ضروری اقدام کرنے کے لئے کم ازکم ۱۹ دنوں کا وقت دیا جائے گا۔

۷۔ عوام کی صحت اور حفاظت کا خطرہ نہ هو تو توسیع بھی دی جا سکتی هے۔

۸۔ بائی لا آفیسر پراپرٹی کی جانچ کے لئے دوبارہ آئیں گے۔ اگر مسئلے کا حل نہ کیا گیا هوا تو سٹی مالک مکان کو بل جاری کرکے ضروری اقدام کر سکتی هے یا پھر مالک مکان کو حکم کی تعمیل نہ کرنے پر جرمانہ کیا جا سکتا هے۔

آپکی رازداری

براہ مہربانی یاد رکھیں کہ شہریوں کی جانکاری کی آزادی اور رازداری کی حفاظت کے قانون (ایم ایف آئی پی پی اے) کے مطابق، آپکی ذاتی معلومات کسی کو بھی سوائے بتائی گئی وجہ کے، مہیا نہیں کی جائیں گی۔ ممکن هے کہ آپکی شکایت کی تکمیل کیلئے عملے کو آپس میں اس معلومات کا اشتراک کرنا پڑے۔ مثال کے طور پرممکن هے کہ عملے کو آپکی ایسی بائی لا سے متعلق شکایت جوکہ **311** پر مہیا کی گئی هو، کی تکمیل کے لئے اس سے متعلق معلومات کا بائی لا یا ریگولیرٹی سروسز سے اشتراک کرنا پڑے۔ کال کی شناخت کو بھی ذاتی معلومات هی سمجھا جاتا هے اور اسکی بھی رازداری رکھی جاتی هے۔

کچھ صورتوں میں آپکی ذاتی معلومات کا انکشاف کیا جا سکتا هے، یہ صرف تب ممکن هے جب یا تو آپ سے رضامندی لی گئی هو، یا پھر پولیس کی تحقیقات چل رهی هوں۔ ایسے حالات کی فہرست جس میں آپکی ذاتی معلومات کا انکشاف کیا جا سکتا هے، کو شہریوں کی جانکاری کی آزادی اور رازداری کی حفاظت کے قانون کے سیکشن ۳۲ میں دیکھا جا سکتا هے۔

اوٹاوا سٹی ذاتی معلومات کی پرائیویسی کو بہت سنجیدگی سے لیتی هے۔ اگر آپکو لگتا هے کہ آپکی ذاتی معلومات کا غیر مناسب طور پر کسی سے اشتراک کیا گیا هے تو براہ مہربانی معلومات تک رسائی اوررازداری کے دفتر کو اس مہیا کردا نمبر پر کال کرکے آگاہ کریں 613-580-2424 ext. 21898.

اپنی رازداری سے متعلق مزید معلومات کیلئے ان لنکس پر کلک کریں
http://ottawa.ca/en/city-hall/accountability-and-transparency/accountability-framework/freedom-information-and-protection-privacy

http://ottawa.ca/en/city-hall/accountability-and-transparency/accountability-framework/freedom-information-and-protection-privacy/protection-privacy